# سیکنڈ فلور کا ناپاک فرش خشک ہونے سے پاک ہو جائے گا؟

**مجیب:** مولانا محمد نوید چشتی عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-3667

**تاریخ اجراء:** 28 رمضان المبارک 1446ھ / 29 مارچ 2025ء

## دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

جس طرح فرسٹ فلور کا فرش ناپاک ہو جائے، تو وہ خشک ہو جانے سے پاک ہو جاتا ہے، کیا سیکنڈ فلور کا فرش بھی ایسے پاک ہو جائے گا؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَایَةَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

زمین اور زمین میں جڑی ہوئی چیزوں کے لیے حکم یہ ہے کہ وہ سوکھنے سے پاک ہو جاتے ہیں، جبکہ نجاست کا اثر (رنگ و بو) ختم ہو جائے، سیکنڈ فلور کا فرش اگرچہ زمین نہیں، لیکن زمین سے باتصال قرار جڑا ہوا ہے، لہٰذا اس کے لیے بھی یہی حکم ہو گا، اسی طرح دیوار چھت وغیرہ کے لیے بھی یہی حکم ہو گا، لہٰذا پوچھی گئی صورت میں سیکنڈ فلور کا فرش ناپاک ہو گیا، تو سوکھنے سے پاک ہو جائے گا، جبکہ نجاست کا اثر ختم ہو جائے۔ فتاوی ہندیہ میں ہے: ”الأرض تطھر بالیبس وذھاب الأثر للصلاۃ لا للتیمم. ھکذا في الکافي ولا فرق بین الجفاف بالشمس والنار والریح والظل. کذا في البحر الرائق ویشارک الارض فی حکمھا کل ما کان ثابتاً فیھا کالحیطان والاشجار والکلا والقصب ما دام قائماً علیھا“ ترجمہ: زمین خشک ہونے اور نجاست کا اثر دور ہو جانے سے نماز کے لیے پاک ہو جاتی ہے نہ کہ تیمم کے لیے، اسی طرح کافی میں ہے، اور اس میں کوئی فرق نہیں کہ سورج سے خشک ہوئی ہو یا آگ سے یا ہوا یا سائے سے۔ اسی طرح بحر الرائق میں ہے اور زمین کے حکم میں ہر وہ شے شامل ہو گی جو اس سے متصل ہو جیسے دیواریں، درخت، گھاس اور بانس وغیرہ جب تک کہ یہ اس میں قائم رہیں۔ (فتاوی ہندیہ، ج 01، ص 44، دار الفکر، بیروت)

بہارِ شریعت میں ہے ”ناپاک زمین اگر خشک ہو جائے اور نجاست کا اثر یعنی رنگ و بو جاتا رہے، پاک ہو گئی خواہ وہ ہوا سے سوکھی ہو یا دھوپ یا آگ سے، مگر اس سے تیمم کرنا جائز نہیں، نماز اس پر پڑھ سکتے ہیں۔۔۔ درخت اور گھاس

اور دیوار اور ایسی اینٹ جو زمین میں جڑی ہو، یہ سب خشک ہو جانے سے پاک ہو گئے۔" (بہارِ شریعت، جلد 1، حصہ 2، صفحہ 401، مکتبۃ المدینہ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net